# ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

## چیمبر ہاؤس، بلاک نمبر P، ڈیرہ غازی خان

ریفرنس نمبر: DGKCC&I/CIR/315/2024 مورخہ 06 جولائی 2024

**کاروائی اجلاس ایگزیکٹو کمیٹی ڈی جی خان چیمبر منعقدہ مورخہ 15 جولائی 2024**

ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس مورخہ 15 جولائی 2024 بروز جمعتہ المبارک بوقت 3:00 بجے دن چیمبر کے رجسٹرڈ آفس واقع چیمبر ہاؤس بلاک نمبر P ڈیرہ غازیخان میں صدر چیمبر جناب خواجہ محمد الیاس کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں درج ذیل اراکین نے شرکت فرمائی۔

| | | |
|---|---|---|
| -1 | جناب خواجہ محمد الیاس | صدر |
| -2 | جناب مرزا محمد ظفر اقبال | سینئر نائب صدر |
| -3 | جناب خواجہ محمد یونس | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -4 | جناب سردار شہباز علی خان نصوحہ | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -5 | جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -6 | جناب شیخ محمد آصف رزاق | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -7 | جناب حافظ محمد سیف اللہ خان پتافی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -8 | جناب محمد فردوس حمید خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -9 | جناب خواجہ محمد اصغر | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -10 | جناب غلام عباس خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -11 | جناب محمد عمر فاروق | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -12 | جناب محمد علی خان دستی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |

عدم حاضری درخواست:-

| | | |
|---|---|---|
| -1 | جناب سرمد سلیم | نائب صدر |
| -2 | جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -3 | جناب بیرسٹر عباس علی خان نصوحہ | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan
SECRETARY GENERAL

| | | |
|---|---|---|
| -4 | جناب غلام مرتضیٰ خان گورمانی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -5 | جناب حاجی محمد ذوالفقار خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -6 | جناب خواجہ محمد نصر المحمود | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -7 | جناب میاں حسین احمد فضل | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -8 | جناب محمد شریف خان لغاری | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -9 | جناب ذکا اللہ خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -10 | جناب شیخ مقبول الٰہی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -11 | جناب مقصود خان علیانی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -12 | جناب مرزا محمد حماد اقبال | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -13 | محترمہ گل فاطمہ | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |

جناب ذوالفقار علی خان نصوحہ، جناب مرزا محمد آصف اقبال، جناب شیخ طاہر معراج، جناب حاجی محمد علی شیخ، جناب شیخ محمد نقیب، جناب اشفاق سرور خان دستی اور جناب شیخ زاہد نظام نے خصوصی دعوت پر شرکت فرمائی۔ صاحبِ صدر نے تمام اراکین کا انکی آمد پر شکریہ ادا کیا، جسکے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور ایک ایک کر کے زیرِ غور لائے گئے۔

-1 تلاوت کلام پاک

اجلاس کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ، سابق صدر چیمبر نے تلاوت کلام پاک کی سعادت حاصل کی۔

-2 سابقہ اجلاس ایگزیکٹو کمیٹی منعقد مورخہ 01-06-2024 کی کارروائی کی توثیق۔

سیکریٹری جنرل نے جناب صدر چیمبر کی ہدایت پر مورخہ 01-06-2024 کے اجلاس کی کارروائی ایوان میں منظوری کیلئے پیش کی۔ ایوان نے کارروائی سے اتفاق کرتے ہوئے متفقہ طور پر پیش کردہ کارروائی کی توثیق کردی اور ایک درج ذیل قرارداد منظور کرلی۔

"قرارداد"

"ہرگاہ ایوان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 01-06-2024 کی کارروائی کی بااتفاق رائے سے توثیق کرتا ہے۔"

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL

3- چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبر ایگزیکٹو کمیٹی جناب سردار محمد علی خان دستی کے چھوٹے بھائی چیمبر کے سینئر ممبر جناب عبدالرحمان خان دستی اور چیمبر کے ممبر ایگزیکٹو کمیٹی جناب سردار محمد شریف خان لغاری کے چچا جناب حاجی امیر علی خان لغاری کے اچانک انتقال پر ان سے اظہار تعزیت اور مرحومین کی مغفرت اور بلندی درجات کی دعا۔

سیکریٹری جنرل چیمبر محمد مجاہد ملک نے ایجنڈا کے مطابق کارروائی کو آگے چلاتے ہوئے جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان کی اجازت ہاؤس کو بتایا کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبر ایگزیکٹو کمیٹی جناب سردار محمد علی خان دستی کے چھوٹے بھائی چیمبر کے سینئر ممبر جناب عبدالرحمان خان دستی اور چیمبر کے ممبر ایگزیکٹو کمیٹی جناب سردار محمد شریف خان لغاری کے چچا جناب حاجی امیر علی خان لغاری کے اچانک انتقال پُر ملال پر ان سے ان کے ورثا اور پسماندگان اور لواحقین سے اظہار تعزیت اور ان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی، مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کیلئے آپ تمام حاضر اراکین سے درخواست ہے کہ ان کیلئے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت فرمائیں اس پر اجلاس میں حاضر تمام شرکا نے مرحومین کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی کی اور فاتحہ پڑھی اور ان کی مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کی۔ دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے۔ ان کے درجات بلند فرمائے ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے ان کی قبور پر اپنی رحمت کا نزول فرمائے ان کو پیارے آقا حضرت محمد کا قرب اور شفاعت نصیب فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ان کے ورثا، لواحقین اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین ثم آمین)۔

4- الیکشن شیڈول برائے سال 2024-26 اور الیکشن کیلئے ووٹر لسٹ کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ کلاس کی منظوری۔

صدر چیمبر نے ایوان کو آگاہ کیا کہ ٹریڈ رولز کی روشنی میں سال 2024-26 کیلئے چیمبر کا الیکشن شیڈول ترتیب دے دیا گیا ہے جس کی منظوری درکار ہے انہوں نے سیکریٹری جنرل کو ہدایت کی وہ تیار کردہ الیکشن سرکلر، الیکشن شیڈول اور کارپوریٹ وایسوسی ایٹ کلاس کی ابتدائی ووٹرز لسٹیں ایوان میں پیش کریں۔ جس پر سیکریٹری جنرل نے ایوان کو بتایا کہ الیکشن شیڈول، الیکشن سرکلر اور کارپوریٹ وایسوسی ایٹ کلاس کی ووٹر لسٹیں آپ کو فراہم کردی گئی ہیں امسال چیمبر میں خالی ہونے والی کارپوریٹ کلاس کی 13 اور ایسوسی ایٹ کلاس کی 13 نشستوں بشمول خواتین کی دو (2) محفوظ نشست پر (کل 26) نشستوں پر انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ مزید برآں صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کا انتخاب بھی کیا جائے گا۔ چیمبر کی موجودہ ایگزیکٹو کمیٹی کا کوئی رکن چیمبر میں اپنی کسی بھی نمائندہ فرم کی جانب سے آئندہ دو سال کیلئے چیمبر الیکشن لڑنے کا اہل نہ ہوگا اور نہ ان اداروں کی جانب سے کوئی اور فرد الیکشن میں آئندہ سال حصہ لے سکے گا۔ ایوان کو مزید آگاہ کیا گیا کہ الیکشن میں صرف وہی ممبران حصہ لے سکتے یا ووٹ ڈال سکتے ہیں جو الیکشن شیڈول کی منظوری سے دو سال قبل چیمبر کی ممبر شپ اختیار کر چکے ہوں گے۔

پولنگ دفتر چیمبر میں منعقد ہوگی اور ووٹرز صاحبان کو کوئی شناختی دستاویز اپنے ہمراہ لانا ہوگی۔ گزشتہ سال کی داخل کردہ انکم ٹیکس ریٹرن کے عدم ثبوت کی صورت میں ووٹ ڈالنے کی اہلیت حاصل نہ ہوگی۔ درخواست فارم بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک / کوریئر یا دستی وصول کیا جائے گا۔ سیکریٹری جنرل نے الیکشن سرکلر اور شیڈول کی مزید تفصیلات بھی ایوان میں پڑھ کر سنائیں۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan •
SECRETARY GENERAL

ہاؤس نے الیکشن سرکلر، الیکشن شیڈول اور ووٹرز لسٹوں کا بغور معائنہ کیا اور اس بارے چند استفسارات بھی کیے اور مکمل اطمینان پاتے ہوئے سال 2024-26 کے الیکشن شیڈول کی بااتفاق رائے منظوری دے دی اور اس توقع کا اظہار کیا کہ چیمبر کے آئندہ ہونے والے الیکشن نہائت پرامن ماحول میں غیر جانبدرانہ طور پر عمل میں لائے جائیں گے۔ ہاؤس نے اس ضمن میں ایک درج ذیل قرارداد کی منظوری دے دی۔

"قرارداد"

"ہرگاہ ہاؤس کو چیمبر کے انتخابات برائے سال 2024-26 کے لئے مرتب کردہ الیکشن شیڈول، الیکشن سرکلر اور ووٹرز لسٹوں سے آگاہ کیا گیا جس کی روشنی میں ہاؤس سال 2024-26 کے چیمبر الیکشن شیڈول کی بااتفاق رائے منظوری دیتا ہے اور یہ امید کرتا ہے انتخابات کا انعقاد نہایت منصفانہ اور غیر جانبدارانہ طریقے سے عمل میں لایا جائے گا۔"

5- چیمبر الیکشن برائے سال 2024-26 کیلئے اراکین الیکشن کمیشن کے تقرر کی منظوری۔

صاحب صدر نے ہاؤس کی توجہ دلاتے ہوئے کہا کہ قانون کے مطابق الیکشن ہذا کے شفاف طریقے سے انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن کے تین اراکین کا تقرر لازمی ہے۔ انہوں نے ہاؤس سے اس بارے میں تجویز دینے کے لئے کہا اور آگاہ کیا کہ نامزد اراکین کے لئے ضروری ہے کہ انہوں نے نہ تو دو سال قبل چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کے الیکشن میں حصہ لیا ہو اور نہ وہ موجودہ الیکشن میں حصہ لینے کے خواہش مند ہوں۔ ہاؤس نے اس ضمن میں کئی ناموں پر غور و خوض کیا اور اتفاق رائے سے مندرجہ ذیل تین اراکین کے ناموں کی منظوری دے دی۔ چنانچہ صاحب صدر نے موقع پر ہی بذریعہ فون ان تینوں صاحبان سے رابطہ کر کے ان کی رضامندی حاصل کر کے ہاؤس کو اس سے آگاہ کر دیا۔

<u>اراکین الیکشن کمیشن</u>

| | | |
|---|---|---|
| 1- | جناب محمد سعید اللہ خان | خان ٹریڈرز، بالمقابل مائیکرو ویو ٹاور، تونسہ شریف ضلع ڈیرہ غازیخان |
| 2- | جناب محمد اسحٰق بھٹہ | محمد اسحٰق بھٹہ کمیشن ایجنٹ، غلہ منڈی، میر پور بھاگل، ضلع کوٹ ادو |
| 3- | جناب غلام مصطفیٰ | مصطفیٰ ٹریڈرز، انڈس ہائی وے، کالا کالونی، ڈیرہ غازیخان |

ہاؤس نے اس بارے میں ایک درج ذیل قرارداد کی بھی متفقہ منظوری دے دی۔

"قرارداد"

ہرگاہ ایوان چیمبر کے سال 2024-26 کے الیکشن کے انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن کے اراکین کے طور پر محمد سعید اللہ خان، محمد اسحٰق بھٹہ اور غلام مصطفیٰ کے ناموں کی منظوری دیتا ہے۔ ہاؤس کے نزدیک ان تینوں اراکین جنہوں نے اپنے تقرر پر اپنی رضامندی کا اظہار کر دیا ہے مطلوبہ معیار پر پورا اترتے ہیں۔ ہاؤس توقع رکھتا ہے کہ الیکشن کمیشن ٹریڈ رولز 2013 میں دیئے گئے قواعد ضوابط کے تحت انتخابی عمل کو منصفانہ انداز سے پایہء تکمیل تک پہنچائیں گے۔ ہاؤس الیکشن کمیشن کی کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہے۔"

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry
SECRETARY GENERAL
D.G.Khan

6- صاحبِ صدر کی پیشگی اجازت سے زیرِ غور لائے جانے والے امور۔

چونکہ مزید کوئی نکتہ زیرِ غور نہ لایا گیا لہذا صاحب صدر نے اراکین کا اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے آج چیمبر میں ایک نہائت اہم ایجنڈا پر غور و خوض کرتے ہوئے اس کی منظوری دی ہے۔ انہوں نے اس توقع کا اظہار کیا کہ ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری علاقے صنعتی، تجارتی و معاشی ترقی کیلئے نا صرف بھرپور کردار ادا کرے گا بلکہ بزنس کیمونٹی کے مسائل کے ازالے کیلئے نہایت فعال طریقے سے اپنا کردار ادا کرے گا۔ ہاؤس نے صاحب صدر کے خیالات سے اتفاق کرتے ہوئے گزشتہ عرصے کے دوران چیمبر کی سرپرستی کرنے اور چلانے کیلئے بھرپور تعاون پر جناب ذوالفقار علی خان نصوحہ سابق صدر اور چیمبر کے سرپرست اعلیٰ و سابق صدر جناب خواجہ محمد یونس صاحب کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور اس توقع کا اظہار کیا کہ ان کی یہ سرپرستی و تعاون ہمیشہ جاری رہے گا اس پر صاحب صدر نے ایگزیکٹو کمیٹی و دیگر ہاؤس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی دلچسپی کو سراہا جس کے بعد اشیائے خورونوش اور چائے سے تواضع کی گئی۔

(محمد مجاہد)

سیکریٹری جنرل

ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL